سوال

کیاخفیہ شادی کرنا جائز ہے ؟ میری سہیلی نے مسجد میں جاکرایک گواہ کی موجودگی میں والدین کے علم کے بغیر شادی کرلی توکیا یہ شادی قائم ہے ؟ میں جواب چاہتی ہوں اللہ تعالی آپ کوبرکت سے نوازے

جواب

الحمدللہ

الحمدللہ

شادی میں ولی اوردو گواہوں کی موجودگی ضروری ہے کیونکہ حدیث شریف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا) ۔

اورایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جو عورت بھی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر شادی کرے اس کا نکاح باطل ہے) ۔

تواس بنا پر ضروری ہے کہ اگر ولی اس پر راضی ہو تو دو عادل گواہوں کی موجودگی میں نکاح کی تجدید کی جائے ۔

واللہ اعلم .